# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

آیت اللہ تقی بہجتؒ فرمایا کرتے تھے کہ
24 گھنٹے میں ایک گھنٹہ بلکہ اِس سے بھی کم بولنا بہتر ہے۔۔

آیت اللہ رضا بہاؤالدینیؒ، عالمِ عارف تقی بہجتؒ
کے متعلق فرماتے تھے کہ وہ (آخرت کے اعتبار سے)
**اِس دنیا کے امیر ترین آدمی ہیں۔۔**

آیت اللہ بہجتؒ فرمایا کرتے تھے کہ سب سے بہترین ذکرِ خدا یہ ہے کہ
گناہ کا موقع آنے کے بعد انسان گناہ سے رُک جائے۔۔




+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین

## حلال و حرام کی تبلیغ چھوڑنے سے مصیبتیں نازل ہوتی ہیں

آیت اللہ تقی بہجتؒ فرماتے تھے کہ:

**اگر ہم واجبات اور حلال و حرام کی تبلیغ چھوڑ دیں گے تو کیا ہم پر مصیبتیں نازل نہ ہوں گی؟**

مرحوم آغا شیخ غلام رضا یزدیؒ بہت بڑے عالمِ دین تھے
لیکن دور دراز کے گاؤں
اور دیہات میں تبلیغ کے لئے جایا کرتے تھے
آپ جو کی روٹی اور مکھن اُٹھا کر مختلف علاقوں میں جاتے
اور لوگوں کو نماز اور دیگر مسائلِ دینیہ کی تعلیم دیتے تھے
اور وہاں سے فارغ ہوکر دوسری آبادیوں
اور گاؤں دیہات کا رُخ کرتے۔



کتاب: عرفانِ بہجتؒ
ڈاکٹر رضا
باقی زادہ گیلانی
صفحہ 243

www.facebook.com/madrasatulqaaim 00923332136992

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین



## عارفِ کامل بننے کا طریقہ

آیت اللہ بہجتؒ سے پوچھا گیا کہ
مقامِ عرفان پر کیسے پہنچا جائے۔؟

آپؒ نے جواب دیا:

**عرفان یہ ہے کہ جو تم جانتے ہو اُس پر عمل کرو۔**

اگر انسان ہر اُس بات پر عمل کرے
جسے وہ جانتا ہے تو سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔۔


(کتاب بہجتِ عرفانی ص 209)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

## غصّے کا علاج



آیت اللہ تقی بہجتؒ سے پوچھا گیا کہ
مجھے غصّہ بہت آتا ہے، کیا کروں۔؟
آپؒ نے فرمایا: کامل عقیدے کے ساتھ
زیادہ سے زیادہ **درود** پڑھا کرو
غصّہ کم ہو جائے گا۔۔

(بہ سوی محبوب)

حضرت آیت اللہ العظمی
بہجت

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

## جو شخص بزنس شروع کرنا چاہے یا کاروبار میں ترقی چاہے تو کیا کرے۔؟



آیت اللہ بہجتؒ فرماتے تھے کہ

کاروبار ملنے تک (یا کاروبار میں ترقی ہونے تک)

روزانہ صبح کی نماز کے بعد اِس دعا کا

ورد کریں اور اِس دعا سے پہلے

اور بعد میں درود پڑھیں:

**اللّٰهُمَّ أَغْنِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ**

**وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ**

(امالی شیخ طوسیؒ)

( المجلس الخامس عشر)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین



## بے نمازی اور بُرے لوگوں کی صُحبت

آیت اللہ بہجتؒ سے کسی نے سوال کیا کہ
میرا ایک بھائی ہے جو نماز نہیں پڑھتا اور
بُرے لوگوں کے ساتھ اُس کی دوستی ہے،
ہم نے بہت وعظ و نصیحت کی لیکن وہ ہماری
بات نہیں سُنتا، بتایئے کیا کریں۔؟

### آیت اللہ بہجتؒ نے فرمایا

نمازِ جعفرِ طیّار کے بعد اُس کیلئے دعا کریں اور
نماز کے آخری سجدے میں اُس کیلئے دعا کریں۔۔

به سوی محبوب .ص 114

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین

## مرحوم کیلئے درود ہدیہ کرنے کی اہمیت


آیت اللہ تقی بہجتؒ فرماتے تھے کہ

اللہ ہی جانتا ہے کہ انسان جو ایک درود کسی میّت کو ہدیہ کرتا ہے، اُس کی کیا اہمیت ہوتی ہے۔ظاہری اعتبار سے بھی اور معنوی اعتبار سے بھی۔۔

اللھم صل علی محمد و آل محمد


+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

کتاب پردہ نشین
شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت
تالیف۔۔۔حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی



+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین




## شوہر و بیوی کے اختلافات دور کرنے کا طریقہ

آیت اللہ بہجتؒ فرماتے تھے کہ



شوہر و بیوی میں سے جو بھی آپس کے اختلافات ختم کرنا چاہتا ہو یا کوئی اور شخص کسی سے اپنا اختلاف دور کرنا چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ بہت سے غریبوں کو متعدد بار (اختلاف کو ختم کرنے کی نیّت سے) صدقہ دیں اور کثرت سے صلح ہوجانے کی دعا کرے۔۔

(کتاب: فیضی از ورائے سکوت۔ص 229-230)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ اللہ کے فرامین


## نماز میں خشوع و خضوع کیسے۔؟



آیت اللہ بہجتؒ سے پوچھا گیا کہ
نماز میں حضورِ قلب کیلئے کیا کرنا چاہیے۔؟

آیت اللہ بہجتؒ نے فرمایا:

**دورانِ نماز حمد و سورہ پڑھتے وقت**
**اپنی توجہ اس کے معنی پر رکھیں**
**تاکہ ارتباط برقرار رہے۔۔**




(برگی از دفتر آفتاب)
(صفحہ 132)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim



+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین



## سواری کے حادثات سے بچنے کے اذکار



آیت اللہ بہجتؒ سے یہ بات منسوب کی جاتی ہے کہ وہ سواریوں کے حادثات سے بچنے کے لئے اِن اعمال کو کرنے کی تاکید فرماتے تھے:

۱۔ سواری پر سوار ہونے سے پہلے آیت الکرسی کی تلاوت کی جائے۔

۲۔ ممکن ہو تو سواری پر دائیں طرف سے سوار ہوا جائے۔

۳۔ سواری پر سوار ہو کر تین بار سورہ قدر پڑھی جائے۔

۴۔ سورہ حدید کو لکھ کر سواری میں ساتھ رکھا جائے۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین




## ہماری دعا کیوں قبول نہیں ہوتی؟

آیت اللہ بہجتؒ سے سوال کیا گیا: ہم دعا تو کرتے ہیں لیکن ہماری دعا مستجاب نہیں ہوتی، اس کا کیا سبب ہے۔؟

آیت اللہ بہجتؒ نے جواب دیا: دعا قبول ہونے کی شرط توبہ ہے۔ فرشتے کہتے ہیں کہ تم اِس مشروط (دعا) کو اس کی شرط (توبہ) کے ساتھ انجام نہیں دیتے کہ تمہاری دعا قبول ہو سکے۔

توبہ کر کے تائب والی دعا کیوں نہیں کرتے۔؟


(پرسش های شما و پاسخ های آیت اللہ بہجت۔ جلد1)


+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim



+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)



## دورانِ نماز خشوع و خضوع کیسے پیدا کریں۔؟


آیت اللہ بہجتؒ فرماتے تھے کہ

اگر آپ اپنے تمام حواسِ باصرہ و سامعہ (دیکھنے و سُننے کے اعضاء) کو کنٹرول میں رکھیں اور اپنے کان، آنکھ (اور زبان) اور دیگر اعضاء کو قابو میں رکھیں (ان سے کوئی گناہ نہ ہو) تو یہ عمل نماز میں آپ کا حضورِ قلب بڑھا دے گا۔۔ (برگی از دفتر آفتاب۔ص 133)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ اللہ کے فرامین




حضرت آیت اللہ العظمیٰ بہجت

سیر و سلوک اور کمال سے متعلق قرآن و احادیث میں اِس قدر راغب کرنے والی آیات و احادیث کے ہوتے ہوئے بھی اگر کوئی اِن سے بہرہ مند نہ ہو تو اُس کی عقل میں نقص اور خلل ہے۔

**نماز پڑھنا اہلِ نماز کیلئے حلوہ کھانے جیسا ہے اِس لئے وہ نماز سے خستہ حال نہیں ہوتے۔۔**

کتاب پردہ نشین

شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت

تالیف۔۔۔ حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim


# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین

## زیارت کرنے والوں کیلئے ایک اہم نکتہ



سوال: کتابوں میں امام رضاؑ کی زیارت کے متعلق آداب بیان ہوئے ہیں۔آپ کی نظر میں کونسا عمل سب سے زیادہ اہم ہے۔؟

جواب: آدابِ زیارت میں سب سے اہم یہ جاننا ہے کہ معصومینؑ کی زندگی اور موت میں کوئی فرق نہیں ہے۔۔



(بہجت عارفان)
(ص208)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم



## پیچیدہ مشکلات کو کیسے حل کریں۔؟

آیت اللہ بہجتؒ سے سوال کیا گیا کہ سخت اور پیچیدہ مشکلات کو حل کرنے کیلئے کیا کرنا چاہیے۔؟

آیت اللہ بہجتؒ نے جواب دیا:

نمازِ جعفر طیارؑ کو تسلسل کے ساتھ پڑھیں (ناغہ نہ کریں) اللہ تعالیٰ آپ کو مشکلات کے مقابلے میں کامیابی عطا کرے گا۔۔


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# نمازِ شب

آیت اللہ تقی بہجتؒ فرماتے تھے کہ

## نمازِ شب پڑھنے والے خاموش رات کی تاریکی میں میدان جیت گئے۔۔





**کتاب پردہ نشین**

شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت

تالیف۔۔۔ حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین






+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

## خدا سے رابطہ قائم کرنے کا طریقہ

اللہ تعالیٰ سے ارتباط کا طریقہ
اللہ اور امام زمانہؑ کی اطاعت کرنا ہے اور
اُسے دفترِ شرع یعنی رسالۂ عملیہ صحیحہ
(توضیح المسائل) سے تطبیق کرکے
مشخّص کیا جاسکتا ہے۔۔






(بہ سوی محبوب)
(ص62)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim


# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین



## طالبِ عِلم و معرفت کو اللہ درودیوار سے بھی عِلم عطا کردیتا ہے۔۔

آیت اللہ تقی بہجتؒ فرماتے تھے کہ

اگر کوئی خاص اہلیت رکھتا ہو یعنی طالب معرفت ہو اور اِس طلب میں سنجیدگی اور خلوص رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ کے اذن سے درودیوار اُس کے معلّم بن جاتے ہیں۔۔



**کتاب پردہ نشین**

شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت

تالیف۔۔۔ حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ اللہ کے فرامین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## امام زمانہؑ کے ظہور سے پہلے ہلاکت و گمراہی سے بچنے کا عمل



آیت اللہ بہجتؒ فرماتے تھے کہ

آخری زمانے میں ہلاکت (گمراہی) سے بچنے کا بہترین عمل دعائے فرج امام زمانہؑ ہے۔ البتہ وہ دعائے فرج جس کا ہمارے تمام اعمال پر اثر مرتب ہو۔


(نکتہ های ناب از آیت اللہ بہجت۔ ص92)


+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین

## امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرنا عذابِ خدا سے نجات دلاتا ہے



آیت اللہ تقی بہجت ؒ فرماتے تھے کہ

اگر خدانخواستہ ہم نے
امر بالمعروف و نہی عن المنکر
(نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا)
نہیں کیا تو خواہ ہم ذاتی طور پر
کتنے ہی اچھے انسان کیوں نہ ہوں،
اللہ کے عذاب سے نہیں بچ سکتے۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

کتاب پردہ نشین۔۔۔شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت
تالیف۔۔۔حجۃ الاسلام محمدلک علی آبادی



+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim



+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین

## (حرام اور) مشکوک مال کا استعمال



**کتاب پردہ نشین**

شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت

تالیف.... حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی




حضرت آیت اللہ العظمیٰ بہجت

ہماری (دینی) پسماندگی کی ایک وجہ یہ ہے کہ ہم (حرام اور) مشکوک مال استعمال کرتے ہیں اور یہ شک و شبہ والا مال مزید شک و شبہ ایجاد کرتا ہے۔۔


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم


# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

## روحانیت و معنویت میں آگے بڑھنے کا نسخہ



آیت اللہ بہجتؒ سے سوال کیا گیا کہ اگر کوئی روحانیت و معنویت میں آگے بڑھنا چاہے تو آپ اُسے کیا نصیحت کریں گے۔؟

آیت اللہ بہجتؒ نے جواب دیا کہ پابندی سے اوّل وقت میں نماز پڑھنے والا جس مقام پر پہنچنا چاہے، وہاں پہنچ جاتا ہے۔۔




(کتاب: بہجت عارفان۔ ص121)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین





+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ رحمۃ اللہ کے فرامین

## آیت اللہ بہجتؒ کی امام زادوں کے مزارات پر جانے کی تاکید




آیت اللہ تقی بہجتؒ فرماتے تھے کہ

توسّل نہایت فائدہ مند ہے۔اماموں کی اولادوں کی (قبور کی) زیارت کو زیادہ جایا کرو۔ یہ حضرات میووں کی طرح ہیں کہ جس طرح ہر میوہ ایک خاص وٹامن رکھتا ہے، اُسی طرح ان میں سے ہر ایک بزرگوار خاص اثرات کی شان و شوکت رکھتے ہیں۔۔


کتاب پردہ نشین..... شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت
تالیف... حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

## نماز پڑھنا میرے لئے سخت دشوار ہے



آیت اللہ بہجتؒ سے کسی نے سوال کیا کہ نماز پڑھنا مجھ پر اتنا دشوار ہے کہ جیسے کوئی جرمانہ ادا کر رہا ہوں، کیا کروں۔؟

جواب دیا: سورۂ انعام کی آیت 133 کو کثرت سے تلاوت کرو:

**وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ**


(آپ کا پروردگار بے نیاز ہے، رحمت والا ہے)

(گوھر ھای حکیمانہ۔ص 17)


+923332136992

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین





MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# دین کی سب سے بڑی مصیبت کونسی ہے۔؟

سوال: ہم دعا میں کہتے ہیں: لَا تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِينِنَا۔ ہمارے لئے دین میں کوئی مصیبت قرار نہ دینا۔ یہاں دین کی مصیبت سے کیا مراد ہے۔؟

جواب: اِس مصیبت سے وہی مراد ہے جس کا ہمیں اِس وقت سامنا ہے یعنی امامِ زمانہؑ سے جدائی۔ اِس سے بڑھ کر مصیبت اور کیا ہو سکتی ہے۔؟ خدا ہی جانتا ہے کہ اِس جدائی کی وجہ سے ہمیں کن کن محرومیوں کا سامنا کرنا پڑرہا ہے اور دین میں مصیبت کا لازمہ دنیاوی مصیبتیں بھی ہیں۔۔



(700نکتہ از محضر بہجتؒ
(جلد 2 ۔ ص217)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین


## حضرت آیت اللہ العظمیٰ بہجت علیہ الرحمہ

آئمہ علیہم السلام فرماتے ہیں کہ

**تم اپنی اصلاح کرو، ہم خود تمہارے پاس آئیں گے**

**لازم نہیں ہے کہ تم ہمیں ڈھونڈتے پھرو۔۔**






**کتاب پردہ نشین**

شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت


تالیف۔۔۔ حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

## مشکوک غذا کھانے کے اثرات




مشکوک غذا اور اُس شخص کا کھانا کھانا
جو حرام سے پرہیز نہ کرتا ہو
اگرچہ جائز ہے لیکن یہ انسان کو
(روحانی و جسمانی اعتبار سے)
مریض بھی کرتا ہے۔
عبادتوں سے بھی محروم کردیتا ہے
یا نیکیاں کرنے کی توفیق کو
سَلب کردیتا ہے۔۔

(700 نکتہ در محضر بہجتؒ)
(جلد2 ، ص253)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین


## کیا امامؑ کو ہمارے اعمال کا عِلم ہوتا ہے۔؟



آیت اللہ بہجتؒ سے سوال کیا گیا کہ
معصوم امامؑ کس طرح ہمارے اعمال کی خبر رکھتے ہیں۔؟
آیت اللہ بہجتؒ نے جواب دیا:
اصولِ کافی کی روایت ہے کہ ہر شہر سے نور کی ایک کرن بلند ہوتی ہے، امامؑ اسی میں بندوں کے اعمال دیکھتے ہیں یا فرشتہ انہیں خبر دیتا ہے۔۔ (اصولِ کافی جلد۱ ص۳۸۷)
اسی طرح ان کی تائید کرنے والا (روح القدس) ان کے ساتھ ہوتا ہے اور اسکے علاوہ سال میں ایک بار لیلۃ القدر میں ان پر روح نازل ہوتا ہے۔
(اصولِ کافی جلد۱ ص۳۸۹)

لہٰذا اگر ہم اپنے عمل کو کسی پردے سے چھپانا چاہیں تو اسکا کوئی فائدہ نہ ہوگا اور امامؑ کی نظر اُسے عبور کرجائے گی۔ امامؑ کے دیکھنے کیلئے ضروری نہیں کہ اُن کی محفل میں موجود ہوں۔ انسان کے اندر جتنی امامؑ کی معرفت میں اضافہ ہوگا، اتنی ہی توحید شناسی کی منزل بلند ہوگی۔ امامؑ وہ آئینہ ہیں جس میں تمام عالم منعکس ہوتا ہے۔۔

(600نکتہ در محضر آیت اللہ بہجت، جلد2، ص349)



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)



## اگر کسی میں یکسوئی اور استقامت نہ ہو تو کیا کرے۔؟


آیت اللہ بہجتؒ فرماتے تھے کہ

فکری یکسوئی (اور استقامت) حاصل کرنے کیلئے کثرت سے

**لا الہ الا اللہ**

کا پڑھنا بہت زیادہ موثر ہے۔

(فیضی از ورائے سکوت۔ ص229-230)



+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim


+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بھجت علیہ الرحمہ کے فرامین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S) مدرسۃ القائم

## زیارتِ امام زمانہؑ سے زیادہ
## رضائیتِ امام زمانہؑ کی کوشش کیجئے

سوال: کیا کوئی طریقہ ہے جس کے ذریعے ہم امامِ زمانہؑ سے ملاقات کریں اور آپؑ کی زیارت سے مشرّف ہوں۔؟

جواب: آپ امام زمانہؑ کو دیکھنے کیلئے اتنا اصرار کیوں کرتے ہیں (حالانکہ یہ بھی بڑی سعادت ہے)، زیادہ کوشش یہ کریں کہ حضرت حجّتؑ پر آپ کا عقیدے میں اضافہ ہو اور وہ آپ سے راضی و خوش ہو جائیں۔۔ (بھجت عارفان۔ص218)





+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

## خود کو ظہورِ امامِ زمانہؑ کیلئے کیسے تیّار کریں۔؟

آیت اللہ بہجتؒ فرماتے تھے کہ ظہورِ امامؑ کیلئے آمادگی کا ایک (پہلا) راستہ توبہ ہے۔ توبہ کے ذریعے ان تمام مصیبتوں کو ختم کیا جاسکتا ہے جو اِس وقت مومنین کو درپیش ہیں اور اس سے پہلے کبھی انہیں اس طرح کی مصیبتوں کا سامنا نہیں کرنا پڑا تھا۔۔(600 نکتہ در محضر آیت اللہ بہجت۔جلد2 ۔ ص109)




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین






کتاب پردہ نشین

شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت

تالیف... حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

حضرت آیت اللہ العظمیٰ بہجت

## قرآن و عترت

## کو نہ چھوڑنے کا مفہوم

آیت اللہ تقی بہجتؒ فرماتے تھے کہ

آپ کے ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے ہاتھ میں عترت (کا دامن) ہونا چاہیے۔

عترت کے معارف 'نہج البلاغہ' جیسی کتاب میں،


عترت کے اعمال 'صحیفہ سجادیہؑ' جیسی کتاب میں،

عترت کے اعمالِ تکلیفیہ "توضیح المسائل" جیسی کتابوں میں ہیں۔۔



+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین



## مسلمانوں اور مومنین کے اُمور سے بے خبر نہ رہیں

آیت اللہ تقی بہجتؒ فرماتے تھے کہ

کیا ہم اپنا سامان منزل تک صحیح سلامت لے جاسکتے ہیں جبکہ مسلمانوں اور مومنین کے اُمور سے بے توجہی برتیں۔؟

کیا ممکن ہے کہ مسلمانوں کے حالات کی فکر کئے بغیر ہی ہم منزلِ مقصود تک پہنچ جائیں۔؟ (ممکن نہیں ہے)

کتاب پردہ نشین۔۔۔۔ شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت

تالیف۔۔۔ حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim



+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

## پروانے بن جائیے

آیت اللہ تقی بہجتؒ فرماتے تھے کہ

**ہم کیوں پروانے کی طرح نہیں ہو جاتے**
**کہ پروانہ وار نورِ الٰہی کی طرف**
**بڑھتے چلے جائیں۔۔**






**کتاب پردہ نشین**

شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت

تالیف۔۔۔ حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

## آیت اللہ تقی بہجتؒ کا جامع ترین دستور العمل



(روحانیت کو قوی کرنے کیلئے) سب سے جامع دستور العمل

**ہر حلال و حرام کے موقع پر "خدا کی یاد" ہے۔**

(یعنی حرام کے موقع پر یہ سوچ کر اُس سے رُک جائے کہ
خدا نے اسے منع کیا ہے اور حلال کے موقع پر بھی خدا کو یاد کرے
کہ اُس نے حلال کیا ہے اسلئے اسے انجام دے رہا ہوں)

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992


facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین



آیت اللہ تقی بہجتؒ فرماتے تھے کہ

ہماری (دینی) کمزوری کی ایک وجہ مستحبات کا ترک کرنا بھی ہے۔ پہلے زمانے کے علماء ان مستحبات کے زیادہ پابند تھے جیسے زیارت، دعا، تلاوت قرآن، اوّلِ وقت نماز اور ترکِ مکروہات جیسے طلوعِ فجر اور طلوعِ آفتاب کے درمیان سونا۔۔



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

کتاب پردہ نشین۔۔۔ شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت
تالیف۔۔۔ حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین






+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین

الا بذکر اللہ تطمئن القلوب

## آیت اللہ بہجتؒ کی عملِ اُمِّ داؤد کی تاکید

آیت اللہ بہجتؒ کے شاگرد حجۃ الاسلام بروجردی فرماتے ہیں کہ



آیت اللہ بہجتؒ فرماتے تھے کہ
عملِ اُمِّ داؤد کو صرف رجب کی
پندرہ تاریخ ہی سے مخصوص
نہیں کرنا چاہیے بلکہ
جب کوئی پریشانی اور مشکل
درپیش ہو اِس عمل کو
انجام دینا چاہیے۔۔


+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)



+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمہ کے فرامین



## مریضوں کی شفایابی کے لئے آیت اللہ بہجتؒ کے بتائے ہوئے 9 اہم اعمال

مرحوم آیت اللہ العظمیٰ آقائے بہجتؒ فرماتے ہیں کہ ان اعمال کو مریض کی شفا کی نیت سے انجام دیں، انشاءاللہ مکمل شفا حاصل ہو جائے گی:

۱ امام حسینؑ کی قبر کی مٹی کی بہت معمولی سی مقدار زمزم میں ملا کر اُس پر 70 مرتبہ سورۃ الحمد پڑھ کر مریض کو روزانہ کچھ مقدار مختلف اوقات میں دی جائے۔

۲ بہت سے غریبوں کو صدقہ دیا جائے خواہ صدقہ کی رقم تھوڑی تھوڑی ہی سب میں تقسیم کی جائے۔

۳ مریض کی شفا کی نیت سے روزانہ 7 بار سورۃ الحمد کی تلاوت کی جائے۔

۴ اگر ممکن ہو تو مریض کو معصومینؑ کی قبور پر لے جایا جائے۔ اگر وہاں لے جانا ممکن نہ ہو تو (اپنے وطن میں) مریض کا سینہ جس معصومؑ کی قبر کی سمت میں کیا جائے اُسی معصومؑ کی زیارت پڑھی جائے۔

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ تقی بہجت علیہ الرحمۃ کے فرامین



۵ جو بھی مریض کی عیادت کے لئے جائے وہ مریض کی شفا کی نیت سے سورۂ الحمد پڑھے۔

---

۶ مصائبِ محمدؐ وآلِ محمد علیہم السلام مریض کو اس طرح سنائیں کہ وہ متاثر ہو جائے اور غمگین ہو کر گریہ کرے۔

---

۷ شفا کی نیت سے مریض کے لئے کئی بار حدیثِ کساء پڑھی جائے اور اس کی تلاوت کے وقت 'عود' کی خوشبو سلگائی جائے۔

---

۸ مریض کی شفایابی کے لئے ایک جانور ذبح کروا کر اُس کا گوشت غریبوں میں تقسیم کیا جائے۔

---

۹ نمازِ صبح کے بعد مریض (یا اُس کے رشتہ دار) دو رکعت نمازِ حاجت (نمازِ فجر کے طریقے سے) پڑھنے کے بعد 3 مرتبہ کہیں

اَللّٰهُمَّ شْفِنِیْ بِشِفَائِکَ و دَاوِنِی بِدَوَائِکَ وَعَافِنِیْ بِعَافِیَتِکَ

( مِن بَلَائِکَ فَاِنِّیْ عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ )

اسکے بعد ایک مرتبہ کہیں بِحُرْمَةِ الْاِمَامِ الْكَاظِمِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim